صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 07 مئی 2012 بمطابق 15 جمادی الثانی 1433 ہجری بعد از دوپہر چار بجکر چالیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب ڈپٹی سپیکر، خوشدل خان ایڈوکیٹ مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطَـٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمَـٰنِ الرَّحِیمِ۔
إِنَّآ أَنزَلۡنَآ إِلَيۡكَ ٱلۡكِتَـٰبَ بِٱلۡحَقِّ لِتَحۡكُمَ بَيۡنَ ٱلنَّاسِ بِمَآ أَرَىٰكَ ٱللَّهُ ۚ وَلَا تَكُن لِّلۡخَآئِنِينَ خَصِيمًا O وَٱسۡتَغۡفِرِ ٱللَّهَ ۖ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا O وَلَا تُجَـٰدِلۡ عَنِ ٱلَّذِينَ يَخۡتَانُونَ أَنفُسَهُمۡ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُحِبُّ مَن كَانَ خَوَّانًا أَثِيمًا O يَسۡتَخۡفُونَ مِنَ ٱلنَّاسِ وَلَا يَسۡتَخۡفُونَ مِنَ ٱللَّهِ وَهُوَ مَعَهُمۡ إِذۡ يُبَيِّتُونَ مَا لَا يَرۡضَىٰ مِنَ ٱلۡقَوۡلِ وَكَانَ ٱللَّهُ بِمَا يَعۡمَلُونَ مُحِيطًا۔

ترجمہ۔ (اے پیغمبر) ہم نے تم پر سچی کتاب نازل کی ہے تاکہ خدا کی ہدایت کے مطابق لوگوں کے مقدمات میں فیصلہ کرو اور (دیکھو) دغابازوں کی حمایت میں کبھی بحث نہ کرنا۔ اور خدا سے بخشش مانگنا بے شک خدا بخشنے والا مہربان ہے۔ اور لوگ اپنے ہم جنسوں کی خیانت کرتے ہیں ان کی طرف سے بحث نہ کرنا کیونکہ خدا خائن اور مرتکب جرائم کو دوست نہیں رکھتا۔ یہ لوگوں سے تو چھپتے ہیں اور خدا سے نہیں چھپتے حالانکہ جب وہ راتوں کو ایسی باتوں کے مشورے کیا کرتے ہیں جن کو وہ پسند نہیں کرتا ان کے ساتھ ہوا کرتا ہے اور خدا ان کے (تمام) کاموں پر احاطہ کئے ہوئے ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ۔ میں اپنی طرف سے، معزز اراکین اسمبلی کی طرف سے اور اسمبلی سیکرٹریٹ کی طرف سے تمام وکلاء برادران کو اسمبلی آنے پر خوش آمدید کہتا ہوں، Most welcome۔ Sitting کے آخر میں آپ کو چائے کی دعوت بھی ہے کہ آپ ہمارے ساتھ ایک کپ چائے پی لیں۔ شکریہ۔

(تالیاں)

(اس مرحلہ پر صحافی حضرات واک آؤٹ کر گئے)

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: After Questions` Hour، میرے خیال میں کوئسچنز آور پر آجائیں۔

Thank you very much for your kind co-operation, after Questions` Hour. Muhtarma Uzma Khan, honourable MPA.

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: جناب سپیکر، صحافی برادرئ احتجاجاً واک آؤټ وکړو، یو صحافی ورور سره چي کومه واقعه پیښه شوي ده، ستاسو په اجازت په دي باره کښي عرض کول غواړم-----

جناب ڈپٹی سپیکر: Okay سکندر شیرپاؤ صاحب! آپ فرمائیں۔

جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ: ډیره مهربانی۔ جناب سپیکر، زهٔ یو ډیره افسوسناکه واقعه په هاؤس کښي ستاسو په نوټس کښي او ستاسو په وساطت د حکومت په نوټس کښي راوستل غواړم۔ نن یو رپورټر، د روزنامه "نئی بات" رپورټر دے، زاهد نوم ئے دے، هغه د بالا حصار مخامخ راروان وو، دا تقریباً یوه بجه ټائم وو جی، یو ګاډي راغلو او هغه ئے اوچت کړو او بیا ئے بنه وهلے هم دے، د هغه لاس هم مات دے او بوتلو ئے، بیا د هغوی ګاډے مخکښي خراب شوے دے نو بیا هلته کښي ئے وئیلی دی چي یره ته زمونږه څه کولے هم نه شي او بنه زمونږه شکل هم وګوره، زمونږه د ګاډی نمبر هم وګوره او هلته کښي بیا ئے غورزولے دے او بیا تري تلی دی۔ دا چونکه سویمه واقعه ده، دغه پریس والو سره کیږی لګیا دے۔ جناب سپیکر، او څو پوري په دي باندي چي صحیح تحقیقات او نه شی او دي باندي صحیح یو ایکشن وانغستلے شی نو دا واقعات به داسي کیږی او چونکه پریس چي دے، هغه زمونږ د دي اسمبلئ هم یو داسي حصه ده چي د هغي

په ذريعه زمونږ هغه آواز خلقو ته رسی نو د هغي د پاره ضروری ده چي په دي باندي حکومت نوټس هم واخلی او زما به دا خواست وی چي څه سخت ایکشن هم دي باندي واخلی نو هله به د دي مسئلي حل راووځی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بشیر بلور صاحب! بشیر بلور صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: ډیره مهربانی۔ د سکندر خان شکر گزار یم او زمونږ خو دا ایمان دے چي دا جمهوریت چي دے، دا په څلورو پهیو ولاړ دے، یو ایگزیکټیو، یو جوډیشری او یو پریس او بل پارلیمنټ۔ دا پریس چي دے دا دوئ زمونږ سره دهشت گردئ کښي ښومره مدد کړے دے، زما خیال دے د پاکستان د تاریخ حصه ده۔ چي دوئ خپلي هغه خبري چي کومي به ئے کولي او خلقو ته به نه رسیدي او دي پریس والو، الیکټرانک میډیا او دا پرنټ میډیا، دوئ داسي حالات پیدا کړل چي د خدائے فضل سره د هغه خلقو ټول ذهن ئے بدل کړو او د دهشت گردو خلاف هغي کښي زمونږ خدائے مونږ ته لږه ډیره کامیابی راکړه۔ زهٔ دي هاؤس ته بالکل دا Surety ورکوم چي مونږ به د دي انکوائری کوؤ چي دا هر چا کړی دی، د هغه خلاف به ایکشن واخلو خو زهٔ د خپل پریس ورونړو ته خواست کوم چي راشئ او مونږ د دوئ هر یو پرابلم چي دے، انشاء الله په صحیح طریقي سره، په احسن طریقي سره به ئے حل کوؤ او د سکندر خان شکر گزار یم چي تاسو پوائنټ آؤټ کړو او مونږ خو د ده احترام کوؤ، جوډیشری او پارلیمنټ او د پریس د آزادئ نه بغیر دا جمهوریت هډو څه معنیٰ نه لری نو زهٔ تاسو ته دا تسلی درکوم چي انشاء الله We will do our best and take action against the person who has done this.

جناب ڈپٹی سپیکر: سکندر صاحب! ما وئیل چي تاسو ورشئ یو تن ځان سره راولئ۔ اسرار اللہ گنڈاپور صاحب! آپ بھی ان کے ساتھ چلے جائیں۔

نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب ڈپٹی سپیکر: 'کوئسچنز آور' : محترمہ عظمیٰ خان صاحبہ، آنریبل ایم پی اے موجود نہیں۔

* 98 _ محترمہ عظمیٰ خان (سوال جناب منور خان ایڈوکیٹ نے پیش کیا): کیا وزیر کھیل وثقافت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے تمام اضلاع کو اپنے بجٹ کی دو فیصد رقم کھیلوں کی ترقی پر خرچ کرنے کا پابند بنایا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع لوئر دیر میں جون 2008ء سے جون 2010ء تک اس مد میں کل کتنی رقم مختص کی گئی، نیز مختص شدہ رقم کو کس مد میں اور کہاں کہاں استعمال کیا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

سید عاقل شاہ (وزیر برائے کھیل وثقافت): (الف) یہ درست ہے۔

(ب) ضلع لوئر دیر میں جون 2008ء سے جون 2009ء تک مبلغ -/400,000 روپے اور جون 2009ء سے جون 2010ء تک مبلغ -/460,000 روپے مختص کئے گئے ہیں اور تفصیل خرچ درج ذیل ہے۔

سال	بجٹ	خرچ	بقایا
2008-09	400,000/-	..	400,000/-
2009-10	460-000/-	20250/-	439,750/-

مبلغ -/20250 روپے بابت کرکٹ اور فٹ بال کا سامان خریدنے پر خرچ کئے گئے ہیں اور باقیماندہ رقم مبلغ -/839,750 روپے ضلعی حکومت کو نائب ضلعی سپورٹس آفیسر لوئر دیر نے مورخہ 22-6-2010 کو واپس کی ہے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، میرا سپلیمنٹری سوال ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سپلیمنٹری ہے، منور خان کیا سپلیمنٹری ہے؟

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر، یہ جو دو فیصد کی بات کر رہے ہیں کہ بجٹ میں دو فیصد کھیلوں کیلئے ہم رکھ لیتے ہیں، اس میں سارے ڈسٹرکٹس کا Equal share ہوتا ہے یا Pick & choose ہوتی ہے یا جو ڈسٹرکٹس آپ لوگوں کو پیارے ہوتے ہیں، انہی کو آپ دیتے ہیں؟ اس کی ذرا وضاحت کر دیں۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب، سپلیمنٹری۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مفتی جانان صاحب، پلیز۔

مفتی سید جانان: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب، لکه څنګه چي منور خان صاحب خبره وکړه، دغه خبره زۀ هم کوم چي آیا ټولو ضلعو ته دو فیصد ورکولي کیږي او که مختصر ضلعو ته ورکولي کیږي؟ که ورکولي کیږي نو مونږ

ته خو بار بار دا هلکان راشي، د لوبو والا هلکان راشی، مونږ ئے متعلقه محکمو ته ورلیږو، اوسه پوري یو روپئ ئے دي دري کالو کښې نه ده ورکړي۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب بادشاہ صالح صاحب۔

جناب بادشاہ صالح: یره جی، زۀ هم دوئ نه دا تپوس کول غواړم چي په څلورو کالو کښې مونږ ته، متعلقه محکمو ته ډائریکټیوز ایشو کیږی او مونږ ته وائی چي یره اوس ډائریکټ کیږی خو اوسه پوري مونږ ته، ضلعو ته، سږ کال کښې داسي وائی چي یره ملاؤ به شی خو اوسه پوري مونږ ته په دي سپورټس مد کښې او یا خاصکر تورازم هم دوئ سره دے نو مونږ ته هیڅ اوسه پوري ملاؤ شوی نه دی، زمونږ حلقو ته او نه ضلعو ته جی۔

Mr. Deputy Speaker: Honourable Minister, Syed Aqil Shah Sahib, please.

سید عاقل شاہ (وزیر برائے کھیل وثقافت): سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ پیسے جو ہیں، یہ سپورٹس ڈائریکٹوریٹ نہیں دیتا، یہ لوکل گورنمنٹ سے ایشو ہوتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ 2009 اور 10ء کے بعد یہ پیسے ضلعوں کو نہیں دیئے گئے۔ لوکل گورنمنٹ کے منسٹر صاحب یہاں پر موجود ہیں، میں نے ان سے کل بات کی تھی اور انہوں نے یہ کہا تھا کہ اس دفعہ یہ پیسے ڈائریکٹ سپورٹس ڈائریکٹوریٹ کو دیئے جائیں گے تاکہ وہ تقسیم کرے۔ دوسری بات، آپ کو یہ بھی پتہ ہے کہ یہاں پر ہماری سپورٹس سٹینڈنگ کمیٹی کی چیئرپرسن بیٹھی ہوئی ہیں اور یہ بھی یہاں پر گزارش کی گئی تھی کہ یہ پیسے دو پرسنٹ سے بڑھا کے چار پرسنٹ کئے جائیں اور جب یہاں پر جو سوال کیا گیا ہے، اس کے جواب میں آپ نے یہ بھی دیکھا کہ پیسے ملے ایک ضلعے کو جنہوں نے 20 ہزار روپے خرچ کئے اور آٹھ لاکھ روپے سرینڈر کر دیئے تو کہنے کا مقصد یہ ہے کہ اس کا طریقہ کار میرے ذہن میں جو ہے، وہ یہ ہے کہ ایک تو یہ پیسے جس وقت سپورٹس ڈائریکٹوریٹ کو ملیں تو تمام ایم پی ایز اپنے اپنے علاقوں سے وہ ڈیمانڈ بھیجیں تاکہ ان کی ڈیمانڈ جو ہے، وہ اس Amount میں پوری کی جائے۔ ہماری تو کوشش یہی ہے کہ سپورٹس یہاں پر پروموٹ ہو اور سپورٹس پروموشن کیلئے ہم لگے ہوئے ہیں اور ہم نے ہر جگہ کے اوپر جہاں پر بھی سپورٹس پروموشن کی بات کی گئی ہے، ہم نے انشاء اللہ تعالیٰ اس کو پورا کیا ہے اور میں ان ممبرز بھائیوں کے ساتھ اس بات کے اوپر اتفاق کرتا ہوں کہ یہ Across the board دینی چاہیئے، یہ نہیں کہ کسی ایک ضلعے کو مل جائیں اور

دوسرے ضلعے کو نہ دیئے جائیں اور جو کہ Under developed ضلعے ہیں تو ان کا حق زیادہ بنتا ہے کہ ان کو زیادہ پیسے ملیں۔

<u>جناب محمود عالم:</u> جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر سر۔ کھیلوں کی مد میں سالانہ چیف منسٹر صاحب کے جو ہیں، وہ ڈائریکٹیوز میں 40 ہزار روپے ہمیں ملے ہیں لیکن دو سال سے جو ہیں وہ ابھی تک ہمیں، وہاں پر جب ٹینڈر ہوتا ہے، جب وہ سی اینڈ ڈبلیو والے ٹینڈر کرتے ہیں تو اس میں جو ہے، وہ 40 لاکھ نظر آتا ہے، وہ اس میں نہیں آتے ہیں تو اب یہ معلوم نہیں کہ دو سال سے، ہمارے وہاں پر علاقے میں جو میرے کولیگز تھے، ان کے آ گئے ہیں لیکن میرے پیسے نہیں آئے ہیں۔ اس میں چیف منسٹر صاحب کی ڈائریکٹیو ہے، وہ ایشو ہوئی ہے بلکہ یہ پہلا سال نہیں ہے، یہ دوسرا سال ہے اور دو سال سے اسی طرح ہو رہا ہے جس طرح باچا صالح صاحب نے کہا ہے تو برائے مہربانی یہ لازمی بات ہے، وہاں پہ جس طرح ایجوکیشن کیلئے ترجیح دیتے ہیں تو اسی طرح نوجوانوں کیلئے کھیل کے میدان، کھیل کے گراونڈز جو ہیں، یہ ان کی صحت اور تندرستی کیلئے انتہائی ضروری ہے تو اس وجہ سے میں کہتا ہوں کہ اگر دو سال کے جو پیسے ہمیں نہیں ملے ہیں تو وہ پیسے ہمیں اکٹھے دے دیئے جائیں کیونکہ ہمارے پاس ڈیمانڈ آتی ہے، وہاں سے لڑکے آتے ہیں، وہاں سے علاقے کے مشران آتے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ یہاں پر Playgrounds نہیں ہیں، تو دو سال سے ہم جو اس چیز سے محروم ہیں تو اس کیلئے میں آپ سے ریکویسٹ کرونگا اور منسٹر صاحب سے بھی میں کہونگا کہ اس کا کوئی ازالہ کیا جائے، یہ انتہائی ضروری ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> منسٹر صاحب، پلیز۔

<u>وزیر برائے کھیل وثقافت:</u> میں ان کی بات سے سو فیصد اتفاق کرتا ہوں اور میں تو یہ چاہتا ہوں کہ جو سپورٹس کی منسٹری ہے، یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ان کی بات سے میں اتفاق نہ کروں، میں نے تو پہلے عرض کی کہ یہ پیسے لوکل گورنمنٹ کے پاس ہیں اور لوکل گورنمنٹ کے یہاں پر سینیئر منسٹر صاحب موجود ہیں، یہ اٹھ کر اعلان کریں کہ یہ پیسے جو پیچھے بچے ہوئے تھے وہ بھی اور آئندہ بھی یکمشت ہمیں دیئے جائیں گے اور پھر ہم ان میں تقسیم کرنے کیلئے یہاں پر حاضر ہیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> بیرسٹر صاحب، لاء منسٹر صاحب۔

(اس مرحلہ پر صحافی حضرات واک آؤٹ ختم کرکے پریس گیلری تشریف لے آئے)

بیرسٹرارشد عبداللہ (وزیر قانون): زۀ جی ډیر شکر گزار یم او زما د میډیا د پریس ورونړو زمونږ د درے واړو جرګه اومنله او واپس راغلل او دوئ ته مونږ ایشورنس ورکړو چې انشاءاللّٰه په دیکښې به ښه هائی لیول انکوائری وکړو، Investigation به کوؤ که خیر وی، بشیر خان هم ایشورنس ورکړو، دلته هاؤس کښې چې کله دوئ بهر وو او زمونږ مکمل تعاون د دوئ سره وو او مونږ Condemn کوؤ، هر چا چې کړی دی او هر طریقې سره چې شوی دی نو انشاءاللّٰه د دوئ سره به زمونږ ورورولی بحال وی که خیر وی، د دوئ تسلی به کوؤ په دې Investigation کښې۔ مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں صحافی بھائیوں کا واپس آنے پر شکریہ ادا کرتا ہوں۔Most welcome۔

(تالیاں)

Next, Mufti Kifayatullah Sahib, the honourable Minister, please Question number, your Question number please?

مفتی کفایت اللہ: میں ایم پی اے ہوں جی، آپ نے مجھے منسٹر کہہ دیا تو میں بہت خوش ہو گیا ہوں۔

(قہقہے)

جناب ڈپٹی سپیکر: کیا؟

مفتی کفایت اللہ: میں آنریبل ایم پی اے ہوں اور میں نے سنا کہ آپ نے مجھے منسٹر کہہ دیا تو میں بہت زیادہ خوش ہو گیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، میں نے آپ کو منسٹر نہیں کہا ہے، میں نے آنریبل ایم پی اے کہا ہے۔

مفتی کفایت اللہ: خیر ہے جی، اللہ تعالیٰ آپ کی بات ٹھیک کر دے۔

(قہقہے)

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر پلیز؟ چلو آ جائے گا، ٹائم آ جائے گا، آ جائے گا، یہ بھی ہو جائے گا۔ کوئسچن نمبر پلیز؟

مفتی کفایت اللہ: کوئسچن نمبر انہوں نے 01 لکھا ہے، امید ہے یہ ایک ہی ہو گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

* 01 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر بہبود آبادی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ نے سوشل موبلائزر (مرد) کی آسامیوں پر مطلوبہ معیار کے لوگ بھرتی کئے ہیں اور انہیں تنخواہ کے طور پر چار ہزار روپے ادا کئے جاتے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ یہ مستقل ملازمین نہیں ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی واضح ہدایات کے باوجود ان کی تنخواہ سات ہزار سے کم کیوں ہے؛

(ii) صوبہ بھر میں سوشل موبلائزرز کی تعداد ضلع وائز فراہم کی جائے، نیز ان کو مستقل کرنے میں کیا مشکلات درپیش ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>محترمہ ستارہ ایاز (وزیر سماجی بہبود):</u> (الف) محکمہ نے میل موبلائزر (مرد) رجسٹر کئے ہیں اور انہیں مبلغ سات ہزار روپے ماہوار Retainer fee ادا کئے جارہے ہیں تاہم جس کی حتمی منظوری کیلئے محکمہ خزانہ خیبر پختونخوا پشاور کو لکھا گیا ہے۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) میل موبلائزر کی Retainer fee سات ہزار روپے ہے، ضلع وائز تفصیل درج ذیل ہے۔ میل موبلائزرز محکمہ کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں اور وہ سرکاری ملازم کے زمرہ میں نہیں آتے۔

STATENMET SHOWING LATEST POSITION OF MALE MOBILIZERS.

S.No	District	In position	Vacant	Total Col (3+4)
1	2	3	4	5
1	Tank	09	3	12
2	Dir Lower	13	12	25
3	Dir Upper	06	7	13
4	Malakand	09	5	14
5	Hangu	10	4	14
6	Shangla	07	4	11
7	Swat	23	6	29
8	D.I.Khan	30	9	39
9	Kohat	20	2	22
10	Peshawar	32	17	49
11	Nowshera	14	10	24
12	Charsadda	18	7	25
13	Mardan	32	9	41
14	Swabi	17	5	22
15	Bunair	08	7	15
16	Karak	06	7	13

17	Haripur	16	7	23
18	Abbottabad	20	3	23
19	Mansehra	22	7	29
20	Battagram	06	7	13
21	Kohistan	12	2	14
22	Chitral	08	16	24
23	L.Marwat	10	11	21
24	Bannu	13	16	29
	Total	361	183	544

مفتی کفایت اللہ: اس میں میں ایک سپلیمنٹری سوال کرنا چاہتا ہوں جی، آپ کی اجازت سے، وہ یہ کہ اس میں ایک حکومت کی پالیسی ہے کہ کسی بھی ملازم کو سات ہزار سے کم تنخواہ نہ دی جائے اور یہ ان لوگوں کیلئے جو غیر سرکاری ادارے چلاتے ہیں اور جب حکومت کے ساتھ Related جو ادارے ہوتے ہیں، ان پر تو وہ لازم ہوتا ہے، تو میں نے بہبود آبادی کے محکمے سے پوچھا ہے کہ آپ کے ساتھ متعلقہ کچھ ایسے لوگ ہیں جن کو آپ چار ہزار یا تین ہزار تنخواہ دیتے ہیں تو انہوں نے جز (الف) کے اندر کہا ہے کہ ہم سات ہزار دینا چاہتے ہیں لیکن ساتھ ہی اپنی بات کی تردید کی ہے کہ "تاہم جس کی حتمی منظوری کیلئے محکمہ خزانہ خیبر پختونخوا پشاور کو لکھا گیا ہے۔" اب جب لکھا گیا ہے اور لکھنے سے پہلے یہ دے رہے ہیں تو وہ کس مد میں دے رہے ہیں اور جب ابھی لکھا ہوا ہے، منظوری نہیں آئی تو یہ کس طرح؟ یہ پوزیشن سمجھ میں نہیں آتی اور جز (ب) کے اندر آپ دیکھیں تو یہ کہتے ہیں جی، "میل موبلائزرز محکمہ کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں اور وہ سرکاری ملازم کے زمرے میں نہیں آتے"۔ میں نے تو یہ قطعاً نہیں پوچھا کہ وہ میل موبلائزرز جو ہیں وہ آپ کے باقاعدہ کارکن ہیں یا ملازم ہیں یا نہیں ہیں، میں تو یہ کہتا ہوں کہ حکومت کے اعلان کے مطابق ان کو تنخواہ دیتے ہیں یا کم دیتے ہیں؟ تو ایسا لگتا ہے کہ یہ ظلم کرتے ہیں، یہ تنخواہ کم دیتے ہیں۔ اگر متعلقہ وزیر صاحب مہربانی فرما کر اسے کمیٹی کو ریفر کریں تو زیادہ تفصیل سے اس بات کو شیئر کر دیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بشیر بلور صاحب، پلیز۔ جعفر شاہ صاحب، پلیز۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، سر۔ اس میں انہوں نے جو لسٹ دی ہوئی ہے تو اس میں 183 Vacancies ابھی تک خالی ہیں تو کیا منسٹر صاحب ارشاد فرمائیں گے کہ یہ کب تک Fill کریں گے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: تنولی صاحب، پلیز۔

الحاج حبیب الرحمان تنولی: میرا کوئسچن بھی اسی طرح کا تھا، تھوڑا میں یہ پوچھنا چاہ رہا تھا کہ یہ جو میل موبلائزر ہے، اس کی ڈیوٹی کیا ہے؟ اور چوبیس اضلاع میں 183 لوگوں کی پوسٹیں ابھی خالی رکھی ہوئی ہیں تو اگر ان کو پر کیا جائے تو بے روزگاری کی حالت دیکھیں، اگر یہ لوگ روزگار پر آجائیں تو کافی فائدہ ہوگا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بشیر بلور صاحب، پلیز۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: سب سے پہلے میں مولانا صاحب کا شکر گزار ہوں اور آپ نے ان کو منسٹر کہا ہے، اگر وہ خوش ہوتے ہیں تو کل ہمارے ساتھ آجائیں، ان سے حلف لے لیتے ہیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ (تالیاں) دوسرا انہوں نے جو کوئسچن کیا ہے تو اس میں یہ ہے کہ چار ہزار روپے دے رہے تھے اور سات ہزار روپے انہوں نے کہا ہے کہ ہم دے رہے ہیں، یہ سات ہزار دے رہے تھے اور ان کو Regularize کرنے کیلئے انہوں نے فنانس ڈیپارٹمنٹ کو لکھا تھا اور آج جو انہوں نے لیٹر دیا ہے، فنانس ڈیپارٹمنٹ نے اس کو Approve کر دیا ہے اور وہ سات ہزار روپے پہلے بھی لے رہے تھے اور اب ان کو Regularize طریقے سے سات ہزار روپے ملیں گے۔ دوسرے میرے بھائیوں نے جو کہا ہے کہ 180 بندوں کی جگہ خالی ہے تو یہ ایسا وہ نہیں ہے کہ کوئی Permanent، جہاں ضرورت پڑتی ہے، جس وقت ضرورت پڑتی ہے وہ لوگ لے لیتے ہیں اور جب ضرورت پڑے گی انشاء اللہ ان کو بھی لے لینگے اور جو خالی پوسٹیں ہیں، ان کو پر کریں گے اور ضرورت کے مطابق یہ کام کرتے ہیں، یہ کوئی Permanent پوسٹیں نہیں ہیں کہ خواہ مخواہ ان کو ایسے حالات میں بھی رکھا جائے، تو میری درخواست ہے کہ مفتی صاحب کا جو حکم ہے، اس میں ہم نے تعمیل کی ہوئی ہے اور اس میں انشاء اللہ اگر کوئی کمی رہتی ہے تو پھر بھی تعمیل کرینگے۔

مفتی کفایت اللہ: میں مطمئن ہوں اس بنیاد پر نہیں کہ جواب ٹھیک تھا، اس بنیاد پر کہ بشیر خان مجھے ڈانٹ رہا تھا تو میں خاموش ہوگیا۔ (قہقہہ)

Mr. Deputy Speaker: Next, Mufti Kifayatullah Sahib, honourable MPA, Question number please?

مفتی کفایت اللہ: سوال نمبر 19۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

* 19 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر کھیل از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) نوجوانان قوم کو کھیلوں کی سہولیات اور تفریح فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، نیز جن ممالک کے گراؤنڈز آباد ہوں تو ان کے ہسپتال ویران ہو جاتے ہیں؛

(ب) صوبے نے عالمی سطح پر دنیا کے بہترین کھلاڑی پیدا کئے ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) صوبائی حکومت نے گزشتہ دو سالوں میں کھیلوں کو پروان چڑھانے کیلئے کیا اقدامات کئے ہیں اور کن کن مقامات پر سٹیڈیمز/گراؤنڈز بنائے گئے ہیں، تفصیل بمعہ اخراجات فراہم کی جائے؛

(ii) سال 2010-11 کے دوران محکمہ نے کھلاڑیوں کی فلاح و بہبود کیلئے کون کونسے منصوبے شروع کئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؛

(iii) گزشتہ چار سالوں میں حکومت نے مانسہرہ میں کھیلوں کی ترقی کیلئے کیا اقدامات کئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>سید عاقل شاہ (وزیر کھیل وسیاحت):</u> (الف) درست ہے۔

(ب) درست ہے۔

(ج) (i) صوبائی حکومت نے گزشتہ دو سالوں میں مندرجہ ذیل مقابلے منعقد کروائے:

قومی، بین الصوبائی اور ضلعی سطح پر کھیلوں کے مقابلے، معذور افراد کیلئے کھیلوں کا میلہ، قومی ایام یعنی یوم آزادی اور یوم پاکستان کی مناسبت سے کھیلوں کا انعقاد، ریجنل سطح کے مقابلے، علاقائی کھیلوں کے مقابلے، انٹر سکولز کھیلوں کے مقابلے، اس کے علاوہ کھیلوں کے میدانوں کی فراہمی اور ان کی تزئین اور مرمت وغیرہ کیلئے اقدامات کئے۔ (تفصیل ایوان میں پیش کی گئی)۔

(ii) سال 2010-11 کے دوران محکمہ نے کھلاڑیوں کی فلاح و بہبود کیلئے سپورٹس فاؤنڈیشن کے نام سے ایک سکیم کا آغاز کیا جس کے ذریعے صوبہ خیبر پختونخوا کے سابق بہترین کھلاڑیوں کی مشکل وقت میں امداد، فوت شدہ کھلاڑیوں کے بچوں کیلئے وظائف، مقامی کھیلوں کا مختلف سطح پر انعقاد اور ہونہار کھلاڑیوں کی تربیت وغیرہ کے پروگرام شامل ہیں۔

(iii) گزشتہ چار سالوں میں حکومت نے مانسہرہ میں کھیلوں کی ترقی کیلئے وفاقی حکومت کے تعاون سے بمقام ڈوگہ مانسہرہ مبلغ 2.408 ملین کی لاگت سے سٹیڈیم کی تعمیر کروائی۔ اس کے علاوہ ضلعی حکومت مانسہرہ کے بجٹ میں مختص دو فیصد فنڈز برائے کھیلوں کی ترقی کے تحت مختلف کھیلوں کیلئے سال-2008

09اور 10-2009اور 11-2010 کیلئے کل مبلغ -/2013000 روپے مختص کئے گئے جو کہ مندرجہ ذیل کھیلوں کے انعقاد اور کھیلوں کے سامان کی خریداری کیلئے خرچ کئے گئے جبکہ سال 08-2007 کیلئے کوئی فنڈ مختص نہیں کیا گیا۔

علاقائی کھیل: بیلوں کی دوڑ، کبڈی، گتکا بازی، رسہ کشی، ویٹ لفٹنگ۔

ضلعی کھیل (برائے خواتین): اتھلیٹکس، ٹیبل ٹینس، بیڈمنٹن، والی بال، چک بال۔

صوبائی کھیل: اتھلیٹکس۔

ڈویژنل کھیل: روڈ ریس، باڈی بلڈنگ۔

ضلعی کھیل: تائی کوانڈو، کرکٹ، گریڈ II کرکٹ، انٹرنیشنل کرکٹ، والی بال، فٹ بال، کراٹے، ہاکی، باسکٹ بال انڈر 19۔

تحصیل سطح کے کھیل: شبیر شہید فٹ بال بمقام اوگی، ملک گل رحمان کرکٹ ٹورنمنٹ، والی بال، بیڈمنٹن، باسکٹ بال، ٹی ٹونٹی کرکٹ، جونیئر فٹ بال۔

ضلعی سطح کے کیمپس: باسکٹ بال، کرکٹ کوچنگ۔

Mr. Deputy Speaker: Any supplementary question?

مفتی کفایت اللہ: جی، میں نے ان سے پوچھا ہے کہ آپ نے گزشتہ چار سالوں میں یہ III نمبر پر، (الف) اور (ب) کے جوابات کے اثبات میں ہوں تو میں نے ان سے پوچھا ہے کہ گزشتہ چار سالوں میں حکومت نے مانسہرہ میں کھیلوں کی ترقی کیلئے کیا اقدامات کئے ہیں؟ تو انہوں نے بہت سارے اقدامات بتائے ہیں کہ ہم نے یہ کئے ہیں اور جب میں نے صوبے کا پوچھا ہے تو انہوں نے اپنے جواب میں نام منصوبہ، یہ (الف) ضمیمہ کے اندر سیریل نمبر 4 اور 5 پر لکھا ہوا ہے (تفصیل ایوان میں پیش کی گئی) کہ لالا ایوب ہاکی سٹیڈیم بمقام سپورٹس کمپلیکس پشاور صدر، انہوں نے ٹرف بچھایا ہوا ہے، تو 39.786 ملین روپے لگائے ہیں۔ پھر لالا ایوب ہاکی سٹیڈیم اسی مد میں بمقام سپورٹس کمپلیکس پشاور صدر کی بہتری، پھر انہوں نے پیسے لگائے ہیں 39.997 ملین۔ اس طرح ان دونوں کو جمع کر دیا جائے تو یہ 79.783 ملین ہیں۔ اب میں محترم جناب وزیر کھیل سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ لالا ایوب ہاکی سٹیڈیم کی بہتری کرتے ہیں اور اس میں کوئی چیز لگاتے ہیں تو کیا ٹیکنیکل معنی ہیں کہ آپ ایک ہی ہیڈ کے اندر 79 ملین دیدیں، یہ آپ نے الگ الگ کیوں دیئے؟ اور جب شروع میں آپ کو اس کا احساس نہیں ہوا تو دوبارہ پھر ان عوامل پر آپ کو ان کا احساس ہوا اور دوبارہ آپ نے بہتری کیلئے اس سے زیادہ، اتنی ہی زیادہ رقم لکھی ہے، جتنی آپ

نے اصل رقم لکھی ہے اور جناب سپیکر، اگر آپ صفحہ نمبر 3 پر تشریف لے جائیں تو خان عبدالولی خان سپورٹس کمپلیکس چارسدہ کی تعمیر پر انہوں نے 250 ملین روپے لگائے ہیں۔ میں انہیں مبارکباد دیتا ہوں اور ساتھ گزارش کرتا ہوں کہ اس طرح کا خان عبدالولی خان سپورٹس کمپلیکس مانسہرہ کے اندر بھی بن جائے تو مجھے بہت زیادہ خوشی ہو گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب مفتی جانان صاحب، پلیز۔

مفتی سید جانان: زهٔ جی منسټر صاحب نه دا تپوس کوم چي ديکښي صرف لس ضلعي راغلي دی، دا نوري اضلاع ولي محرومه ساتلي شوی دی؟ دا نوري ضلعي د دغه صوبي ضلعي نه دی او ولي دے لس ضلعو ته دا فنډ ورکړے شوے دے او دا نوري ضلعي ولي محرومه پاتي دی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: منور خان صاحب، پلیز۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر، میں منسٹر صاحب کو دو تین سال پہلے کا ایک وعدہ یاد دلانا چاہتا ہوں کہ گاؤں شاہ حسن خیل میں ولی بال کے ٹورنمنٹ میں ایک دھماکہ ہوا تھا جس میں کافی لوگ شہید ہو گئے تھے اور منسٹر صاحب نے اعلان کیا تھا کہ میں وہاں پر ایک سٹیڈیم بناؤں گا تو منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا ہے کہ اس سٹیڈیم کا کیا بنا، کیا آئندہ ارادہ ہے اس سٹیڈیم کا یا نہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: آنریبل منسٹر، سید عاقل شاہ صاحب، پلیز۔

سید عاقل شاہ (وزیر برائے کھیل): مفتی صاحب کی بات جو ہے، وہ مجھے پسند ہے کیونکہ ان کا انداز بہت اچھا ہے بات کرنے کا اور بشیر بلور صاحب نے ان کو جو دعوت دی ہے کہ آپ ان بنچیز پر آ جائیں تو آپ کو وزارت دیدی جائے گی، میں بھی ان سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ تشریف لائیں اور حلف اٹھائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی مرضی کی منسٹری دیدی جائے گی۔ ایسا ہے کہ انہوں نے لالا ایوب ہاکی سٹیڈیم کے متعلق بات کی، ہر Artificial turf کی ایک مدت ہوتی ہے اور وہ Over the period جو ہے ختم ہو جاتی ہے۔ یہ کئی سال پہلے یہ سٹیڈیم بنا تھا اور آپ کو یہ پتہ ہے کہ یہ واحد اسٹیڈیم تھا جس میں Astroturf ہے، اس کے بعد ایبٹ آباد میں ایک Turf ڈالی گئی اور یہ دو ہی ہمارے پاس Astroturfs ہیں، نیشنل گیم ہے، ہماری ہاکی اور ہمارے صوبے میں دو Astroturf ہیں۔ آگے دیکھیں کہ ہالینڈ جیسے ملک میں تین سو سے زیادہ Artificial turfs ہیں۔ یہ جو انہوں نے دو علیحدہ علیحدہ فگرز بتلائے ہیں تو اس میں اور اس سٹیڈیم میں Floodlights نہیں تھیں اور یہاں پر میدانی علاقے میں جو موسم ہے تو ظاہر بات ہے کہ

شام کے بعد ہی کھیل ہو سکتا ہے تو گرمیوں کے سیزن میں اس کو استعمال میں لانے کیلئے یہاں پرFloodlightsکا بندوبست کیا گیا۔ منور خان صاحب نے شیر خان سٹیڈیم کے متعلق بات کی، میں نے فلور آف دی ہاؤس پہ کہا تھا کہ وہ ہماری سکیم میں شامل ہے اور آئندہ اے ڈی پی میں آپ خود دیکھیں گے کہ وہ شامل ہوگا اور وہاں پر ایک شاندار والی بال سٹیڈیم بنادیا جائے گا۔ پھر یہاں پر یہ سوال ہوا کہ باقی ضلعوں میںSports facilitiesکا کیا پروگرام ہے؟ تو میرے پاس ایک لسٹ ہے اور یہ ریکارڈ ہے کہ ہمارے صوبے میں اس وقت مختلف ضلعوں میں تحصیل لیول پہ 151 سکیمز جو ہیں، وہ شروع ہیں جن میں نصف کے اوپر کام شروع ہو چکا ہے اور باقی میں شروع ہو جائے گا اور یہ پوری لسٹ میرے پاس موجود ہے۔ میرے خیال میں اس میں کوئی بھی ایسا صوبائی حلقہ نہیں ہے کہ جس میں کوئی نہ کوئی کام نہ ہو رہا ہو اور یہ لسٹ اس کے ساتھ انہوں نے Attach کی ہوئی ہے، میرے پاس بھی موجود ہے اور پھر میں یہ بتاتا چلوں کہ یہ ایک ریکارڈ ہے، اس سے پہلے میرے خیال میں کسی بھی سال میں کیا کہ میرے خیال میں 65 سالوں میں 151 مختلفSports facilitiesہمارے صوبے میں نہیں بنائی گئیں۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: جناب سپیکر صاحب، میں منسٹر صاحب کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے والی بال گراؤنڈ بنانے کا وعدہ کیا ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: Thank you very much۔ ٹھیک ہے، ٹھیک ہے جی۔ مفتی کفایت اللہ صاحب ایم پی اے، کوئسچن نمبر؟

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: کوئسچن نمبر 18 رہ گیا ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: کوئسچن نمبر 18 رہ گیا ہے؟ جی مفتی صاحب، کوئسچن نمبر 18۔

* 18 _ <u>مفتی کفایت اللہ</u>: کیا وزیر سیاحت و کھیل از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ہزارہ ڈویژن سیاحت کے لحاظ سے ملک میں مشہور ترین جگہ ہے اور ملک کے ساتھ ساتھ بیرونی ممالک سے بھی یہاں سیاح آتے ہیں اور ان کی آمد سے معاشی ترقی ہوتی ہے؛

(ب) 2005 کے زلزلے سے سیاحت کا شعبہ مکمل طور پر تباہ ہو گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو:

(i) حکومت نے مذکورہ شعبہ کو تباہی سے بچانے کیلئے کیا اقدامات کئے ہیں اور آیا اس ضمن میں کوئی جامع منصوبہ زیر غور ہے؛

(ii) محکمہ نے اس بارے میں ERRA کے ساتھ کیا خط و کتابت کی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

سید عاقل شاہ (وزیر برائے کھیل و سیاحت): (الف) جی ہاں، یہ بات درست ہے کہ ہزارہ ڈویژن سیاحت کے لحاظ سے ملک میں مشہور ترین جگہ ہے اور ملک کے ساتھ ساتھ بیرون ممالک سے بھی یہاں پر سیاح آتے ہیں اور ان کی آمد سے معاشی ترقی ہوتی ہے۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جی ہاں، حکومت نے مذکورہ شعبہ کو تباہی سے بچانے کیلئے ERRA کو وفاقی سطح پر اور PERRA کو صوبائی سطح پر بشمول افواج پاکستان یہ ذمہ داری سونپی ہے کہ تمام متاثرین کو حسب ضرورت دستیاب فنڈ میں سے مناسب رقم برائے تعمیر نو مہیا کرے۔

(ii) ERRA اور PERRA دونوں خود مختار ادارے ہیں جنہوں نے ہر شعبے کیلئے علیحدہ علیحدہ ماہرین کی خدمات نجی شعبے سے حاصل کی ہیں اور بشمول سیاحت تمام عملی اقدامات خود کئے ہیں۔ علاوہ ازیں تفصیلی رپورٹ ERRA اور PERRA ہی فراہم کر سکتے ہیں۔

Mr. Deputy Speaker: Any supplementary?

مفتی کفایت اللہ: اس میں یہ سپلیمنٹری سوال ہے جی کہ 2005 کے زلزلے سے سیاحت کا شعبہ مکمل طور پر تباہ ہو گیا ہے تو انہوں نے اس سے اتفاق کیا لیکن پھر خود انہوں نے کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا۔ یہ تباہی کا اعتراف کیا ہے لیکن یہ اب اس کو اپنے پاؤں پر کس طرح کھڑا کیا جائے گا؟ اس کے بارے میں وہ خاموش ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب منسٹر صاحب۔ جناب بادشاہ صالح صاحب، پلیز۔

جناب بادشاہ صالح: سر جی زما د منسٹر صاحب نه دا سوال دے چي دا کمراټ چي کوم دے، دا په ایشیاء کښې بنائسته ځائے دے۔ 1936 کښې یو سروے شوي وه او بیا برټش ګورنمنټ کړي وه، هغه په ایشیاء کښې بنائسته ځائے دے، Declare شوے دے نو دي د پاره دوئ د څه اقدامات کولو اراده لری؟ د دي د ترقئ د پاره یا دوئ څه اراده لری نو هغه د وضاحت وکړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب عبدالستار صاحب، پلیز۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر، اس سوال میں مفتی صاحب نے ہزارہ ڈویژن کے سیاحتی مقامات کے لحاظ سے ایک سوال لایا تھا، ہزارہ ڈویژن میں، کوہستان میں بلکہ پورے پاکستان میں ایک خوبصورت

وادی، سوپٹ وادی کے نام سے یاد کی جاتی ہے۔ اس وادی کو متعارف کرانے کیلئے میں نے ڈیپارٹمنٹ سے کئی بار بات کی ہے اور جناب وزیر صاحب کا میرے ساتھ بڑا تعاون ہے۔ انہوں نے اس پر نمائش بھی کرائی تھی اور پورے پاکستان میں تمام ٹورسٹ ڈیپارٹمنٹ کے جتنے بھی لوگ اور ادارے تھے تو انہوں نے اس بات کو تسلیم کیا کہ یہ پاکستان کی ایک خوبصورت وادی ہے جس کو ہم نے Explore کرنا ہے۔ اس حد تک تو بات ہوئی تھی لیکن اب اگلے مرحلے میں جو سوپٹ ویلی کی Development کے لحاظ سے کوئی Proposal سامنے لائے تھے تو میں شاہ صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس سال ان کا کیا پروگرام ہے؟ سوپٹ میں کیا Tourism activities ہونگی؟ کیا کوئی Developmental proposals آئیں گی اس سیزن میں، تو آپ مجھے وہ کر لیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تنولی صاحب، پلیز۔

<u>الحاج حبیب الرحمان تنولی</u>: منسٹر صاحب سے میرا سوال یہ ہے کہ جی انہوں نے فرمایا کہ ERRA اور PERRA کی ذمہ داری لگائی گئی ہے کھیلوں کے سلسلے میں اور سیاحت کو Develop کرنے کیلئے میری گزارش یہ ہے کہ کیا کسی منصوبے کا یہ نام لے سکیں گے جو ERRA نے یا PERRA نے سیاحت کے محکمے میں مکمل کیا ہو؟ Thank you very much, ji۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب منسٹر صاحب، سید عاقل شاہ صاحب، پلیز۔

<u>وزیر برائے سیاحت و کھیل</u>: میرے بھائی تنولی صاحب! یہ سوال اگر آپ ERRA اور PERRA سے کرتے تو زیادہ بہتر ہوتا کیونکہ یہ دونوں محکمے میرے زیر سایہ نہیں ہیں۔ سوال یہ تھا کہ آپ کی جو تباہی ہوئی ہے جو کہ زلزلے میں ہوئی تھی، اس کے بعد آپ کو پتہ ہے کہ سیلاب آیا اور دہشت گردی تھی تو ان تمام کیلئے یہ دونوں محکمے جو ہیں، ان کو یہ کام سونپا گیا کہ یہ وہاں پر Rehabilitation کر رہے ہیں اور Reconstruction کر رہے ہیں۔ یہ صرف Rehabilitation اور Reconstruction کا کام ختم ہو گا تو اس کے بعد ہمارا کام شروع ہو گا، اس کے بیچ میں ہم نے جو گراونڈز وغیرہ بنائے تو میں یہ بات یہاں پر کہنا چاہتا ہوں کہ میرے ان دونوں محکموں نے جو کام کیا ہے، وہ کچھ زیادہ تسلی بخش نہیں رہا۔ جہاں تک یہاں پر ستار بھائی نے یہ بات کی ہے تو مجھے اس بات کا احساس ہے کہ یہ سوپٹ ویلی جو ہے، پاکستان میں جتنی بھی آپ کی خوبصورت جگہیں ہیں، ان میں سب سے بہتر جگہوں کا شمار ہوتا ہے اور وہاں پر بہت حسن ہے اور وہ اس قسم کا ایک علاقہ ہے جس کو Develop کرنے کی ضرورت ہے، تو انہوں نے محنت کی اور

اس کا پی سی ون بھی تیار کر کے انہوں نے ہمیں پہنچایا،اس پر کام ہو رہا ہے اور میں نے خود جناب وزیر اعلیٰ صاحب سے بات کی ہے تو وہ بھی اس میں Interested ہیں، انشاء اللہ تعالیٰ آپ یہ دیکھیں گے کہ اس سال سوپٹ ویلی اور کمراٹ دونوں اے ڈی پی میں شامل ہوں گے۔ ساتھ ساتھ میں آپ کو یہ بات کرتا چلوں کہ پاکستان میں 70 percent ٹورازم جو ہے، وہ ہمارے صوبے میں ہے اور ہمارے صوبے میں 70 percent جو ٹورازم ہے، وہ ان علاقوں میں ہے جن میں کاغان شامل ہے، گلیات ہے، چترال ہے، سوات ہے، ان میں لاتعداد کام ہو رہا ہے اور بہت سارے ہمارے جو پراجیکٹس ہیں وہ Already شروع ہو چکے ہیں اور کئی پراجیکٹس پائپ لائن میں ہیں اور اگلے اے ڈی پی میں انہیں جو تمام Sites بتائے ہیں جس میں سوپٹ ویلی ہے، لوکل گورنمنٹ والے ٹھنڈیانی میں سکیم کر رہے ہیں، اسی طریقے سے کمراٹ میں ہے، گرم چشمہ میں ہیلتھ ٹورازم کو ہم فروغ دیں گے، کاغان میں ہم ایڈونچر سپورٹس کو فروغ دیں گے اور اسی طریقے سے سارے صوبے کا انشاء اللہ تعالیٰ اسی سال بجٹ پیش ہونے سے پہلے میں پوری Details جو ہیں، اس ہاؤس میں آپ کے سامنے رکھوں گا۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Thank you. Next, Mufti Kifayatullah Sahib, honourable MPA. مفتی صاحب! خنگہ چل دے ، کوئسچن نمبر پلیز ؟

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> سوال نمبر 20۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی۔

* 20 _ <u>مفتی کفایت اللہ:</u> کیا وزیر کھیل و سیاحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) حکومت ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کیلئے بہترین انتظام کرتی ہے جبکہ ہمارا ملک دیگر ممالک کی نسبت سیاحت کے شعبے میں بہت پیچھے ہے؛

(ب) پاکستان قدرتی حسن سے مالا مال ہے جبکہ صوبہ کے اکثر سیاحتی مقامات سوات، چترال وغیرہ دہشتگردی اور فوجی آپریشن کی زد میں ہیں جسکی وجہ سے سیاحت کے شعبے کو ایک بڑا دھچکا لگا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) گزشتہ تین سالوں کے دوران فوجی آپریشن اور دہشتگردوں کی وجہ سے سیاحتی شعبے کو کتنا نقصان پہنچا ہے، اعداد و شمار بتائے جائیں؛

(ii) مذکورہ علاقوں میں قیام امن کے بعد شعبہ سیاحت کی بحالی کیلئے کئے گئے اقدامات کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(iii) شعبہ سیاحت سے وابسطہ متاثرین کی بحالی کیلئے حکومت اور دیگر اداروں کی جانب سے کیا اقدامات کئے گئے ہیں؛

(iv) حکومت کو سیاحت کی مد میں سوات، چترال اور ہزارہ ڈویژن سے سالانہ کتنی آمدن ہوتی ہے، ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے؛

(v) حکومت مذکورہ علاقوں میں انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کیلئے کن کن منصوبوں پر کام کر رہی ہے، ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے؛

(vi) رواں سال چونکہ امن بحال ہو چکا ہے تو شعبہ سیاحت میں کتنی آمدن ہوئی ہے، نیز حاصل شدہ آمدن کا کتنے فیصد حصہ مقامی فلاح و بہبود پر خرچ کیا گیا ہے، سال 2010-11 کی ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

سید عاقل شاہ (وزیر کھیل و سیاحت): (الف) جی ہاں، حکومت اپنے وسائل کے مطابق ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کی سہولت کیلئے بہترین انتظام کرنے کی کوشش کرتی ہے لیکن 1977-78 میں افغانستان میں روس کی مہم جوئی، نائن الیون کے اثرات، ہمارے اسلامی اقدار اور خیبر پختونخوا کے مخصوص حالات کی وجہ سے اب تک سیاحت سست روی کا شکار ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے کہ افغانستان میں روس کی مہم جوئی اور پھر طالبانائیزیشن کی عفریت بشمول زلزلے وسیلاب وغیرہ نے صوبے کی سیاحت کو شدید متاثر کیا ہے۔

(ج) جی ہاں، صوبائی حکومت خیبر پختونخوا نے مذکورہ شعبہ کو تباہی سے بچانے کیلئے محکمہ تعمیر نو و بحالی بشمول PDMA و PaRRSA کی بنیاد ڈالی اور اس طرح وفاقی سطح پر NDMA اور ERRA بشمول افواج پاکستان کو یہ ذمہ داری سونپی گئی کہ تمام متاثرین کی معلومات اکٹھا کرنے کے بعد حسب ضرورت دستیاب فنڈ میں سے مناسب رقم برائے تعمیر نو مہیا کرائے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ زلزلوں، سیلابوں، طالبانائیزیشن وغیرہ مصائب کی وجہ سے ہمارے صوبے کی سیاحتی شعبے کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے، حکومت نے صوبے میں سیاحت کی بحالی کیلئے درج بالا محکماجات کی تشکیل کی وساطت سے مختلف اقدامات اٹھائے ہیں۔

جہاں تک حکومت کو سوات، چترال بشمول دیر اپر، دیر لوئر، شانگلہ اور ملاکنڈ ایجنسی سے آمدن کے حصول کا تعلق ہے تو یہ علاقے ہوٹل و ریسٹورنٹ ایکٹ کے دائرہ کار میں تاحال شامل نہیں ہیں جبکہ ہزارہ ریجن کو

2005 کے زلزلے نے شدید نقصان پہنچایا اور تاحال یہ علاقہ اپنی سابقہ سیاحتی سرگرمیوں کو بحال کرنے کے قابل نہیں ہوا ہے اور بحالی کا یہ مرحلہ مزید وقت لے گا۔ امسال اپریل 2011 میں ڈیپارٹمنٹ آف ٹورسٹ سروسز کو صوبائی حکومت کی تحویل میں دیا گیا جس نے ہزارہ ڈویژن کے مختلف ضلعوں سے لائسنسنگ کی مد میں پچھلے پانچ سال کے دوران درج ذیل رقم بطور لائسنس تجدید فیس (آمدن) وصول ہوئی ہے۔

سال	ہوٹل کی مد میں	ریسٹورنٹ کی مد میں	ٹریول ایجنسی کی مد میں
2007-08	95750	40400	414000
2008-09	110485	105750	435000
2009-10	373700	163600	486000
2010-11	192300	69050	690000
2011-12	84250	35500	352000
ٹوٹل آمدن روپوں میں	**856485**	**414300**	**2377000**

تفاصیل متعلقہ محکمہ تعمیر نو و بحالی PERRA اور ERRA کے حکام سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

امن قائم ہونے کے بعد مذکورہ علاقوں میں سیاحوں کی تعداد کو سابقہ حالت پر لانے کیلئے یہ ضروری ہے کہ سیاحوں کو یہ باور کرایا جائے کہ اب یہ علاقے ان کی آمد کیلئے محفوظ ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ ان علاقوں کی سڑک، ہوٹل وغیرہ کی سہولیات بحال ہو گئی ہیں جبکہ مذکورہ سہولیات کی بحالی ایک وقت طلب مرحلہ ہے جس کیلئے سالوں پر محیط عرصہ درکار ہے۔ اس سلسلے میں سیاحتی کارپوریشن خیبر پختونخوا نے آرمی کے اشتراک سے ان متاثرہ علاقوں میں مختلف سرگرمیوں مثلاً Festivals، ورکشاپ، امن ریلی وغیرہ کا اہتمام کیا ہے جس میں سیاحوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ امن قائم ہونے کے ساتھ ہی صوبائی حکومت کے سیاحتی ادارے نے سوات کے سیاحتی تربیتی ادارے بنام Pakistan Austrian Institute of Tourism and Hotel Management (PAITHOM) کو واپس ایبٹ آباد سے سوات منتقل کر دیا ہے اور منتقلی کے ساتھ ہی اس ادارے نے سوات کے نوجوانوں کیلئے مختلف سیاحتی تربیتی کورسز کا اجراء کر دیا ہے جس سے نہ صرف اس علاقے میں سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہوگا بلکہ علاقے کے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع بھی میسر ہوں گے۔

Mr. Deputy Speaker: Any supplementary question?

مفتی کفایت اللہ: جی۔اس میں انہوں نے جو جواب دیا ہے تو میں ذرا وزیر صاحب سے معلوم کرنا چاہوں گا کہ انہوں نے جو اعداد و شمار دیئے ہیں تو ان اعداد و شمار میں 2010 کے اندر ہوٹل کی مد میں ان کو ایک لاکھ 92 ہزار 300 روپے ملتے ہیں لیکن پھر 2011 میں 84 ہزار 250 روپے ملتے ہیں، باقی سالوں میں تو نمو ہوتی ہے، بڑھتے رہتے ہیں، اس کے اندر یہ کمی ہوتی رہتی ہے، پتہ نہیں اس کی وجہ کیا ہے؟ اور پھر میں نے ان سے پوچھا ہے کہ یہ چار نمبر میں حکومت کو سیاحت کی مد میں سوات، چترال اور ہزارہ ڈویژن سے سالانہ کتنی آمدن ہوتی ہے، ضلع وائز تفصیل فراہم کریں؟ تو انہوں نے ضلع وائز تفصیل فراہم نہیں کی اور پھر میں نے ان سے یہ گزارش کی تھی کہ آپ نے ERRA اور PERRA کے ساتھ جو خط و کتابت کی ہے تو آپ اس کی تفصیل بتائیں؟ تو انہوں نے کوئی خط و کتابت کی تفصیل نہیں بتائی۔ اس سے لگتا ہے کہ جس طرح زلزلہ ہو گیا اور سیاحت تباہ ہو گئی، اب اس کا انتظار ہو رہا ہے کہ اور زلزلہ ہو جائے اور ہماری سیاحت بن جائے، ایسا تو نہیں ہو گا۔ انہوں نے کیا Correspondence کی ہے، کیا اپنی ذمہ داری پوری کی ہے؟ وہ تو یہ نہیں بتا رہے ہیں، پتہ نہیں اس کی کیا وجہ ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: عنایت اللہ جدون صاحب، پلیز۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: شکریہ۔ جناب سپیکر، 2005 کے زلزلے کے بعد 2008 سے ہماری یہ موجودہ حکومت ہے۔ جس طرح مفتی صاحب نے بھی فرمایا اور میرے باقی ساتھیوں نے بھی فرمایا، ہمارا جو ہزارہ میں ٹورازم Basically جس چیز پر زیادہ، جس کے اوپر ارد گرد ہوتا ہے، وہاں پر ہماری Hoteling Industry جو ہے، وہ Matter کرتی ہے۔ 2005 کے زلزلے کے بعد یہ بری طرح سے متاثر ہوئی ہے کیونکہ Hoteling کو انڈسٹری Declare کیا گیا ہے لیکن اس کو انڈسٹری کی کوئی بھی سہولتیں فراہم نہیں ہیں، جیسا کہ بجلی وہ کمرشل ریٹ پر Pay کرتے ہیں اور کمرشل ریٹ پر گیس Pay کرتے ہیں، باقی ان کے ٹیکسز جو ہیں وہ بھی کمرشل ریٹ پر ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ میں منسٹر صاحب سے یہ بھی پوچھنا چاہتا ہوں کہ آیا کوئی ایسی Incentives اس ایریا کیلئے، جیسے کوئی Tax holidays یا کوئی چیز، کوئی ایسی Concrete incentive، ایک تو جو باتیں میڈیا اور لوگوں کے شاید Consumption کیلئے ہوتی ہیں تو وہ علیحدہ ہے لیکن کونسی ایسی Concrete incentives ہیں جو دی گئی ہیں؟ اگر سابقہ حکومت نے نہیں دیں تو ہماری اس حکومت نے کیا دیں ہیں؟ اور بالخصوص جو میرا، میں دوبارہ وہ Repeat کروں گا کہ ہوٹل کو بطور انڈسٹری ہم ہمیشہ اس کو ہوٹل انڈسٹری کہتے ہیں اور اس کو

انڈسٹری Declare کیا گیا ہے تو پھر اس کو انڈسٹریل مراعات کیوں نہیں ملتیں؟ جیسا کہ بجلی کا بل ہے تو وہ Industrial basis پر چارج کیا جائے تو وہ Commercial basis پر Pay کرتے ہیں، گیس ہے تو وہ Commercial basis پر Pay کرتے ہیں تو یہ منسٹر صاحب اگر۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب سید عاقل شاہ صاحب، پلیز۔

وزیر کھیل و سیاحت: عنایت اللہ جدون صاحب! آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے تو میری بہت بڑی مشکل آسان کر دی۔ ایسا ہے کہ یہ انہوں نے بالکل ٹھیک فرمایا کہ آپ کہتے ہیں کہ ہوٹل ایک انڈسٹری ہے اور ان کو جو مراعات باقی انڈسٹریز کو ملتی ہیں تو وہ ہوٹل انڈسٹری کو نہیں مل رہی ہیں۔ میں آپ کا ساتھ دیتا ہوں، حکومت سے بھی مطالبہ کرتا ہوں اور انشاء اللہ تعالیٰ کل ہی اس کے اوپر ایک سمری Move کی جائیگی (تالیاں) مفتی صاحب، میں سمجھتا ہوں۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

وزیر کھیل و سیاحت: بیٹھیں، میں آتا ہوں، میں حکومت کا ایک حصہ ہوں، (تالیاں) I am part of this Government، میں پوری حکومت نہیں ہوں، پوری حکومت ایک سسٹم ہے، وزیراعلیٰ صاحب اس کو ہیڈ کرتے ہیں، اس کے بعد کیبنٹ ہے اور پھر ممبرز ہیں۔ حکومت سے یہ مراد ہوتی ہے کہ اب اگر میں یہ کہہ دوں کہ جناب عالی، میں اپنے آپ سے مطالبہ کرتا ہوں تو وہ نہیں ہو سکتا، میں آپ کا ساتھ دے رہا ہوں، اس لئے کہ میں منسٹر ہونے کے علاوہ خود ایک Hotelier بھی ہوں اور آپ کو یہ معلوم ہے کہ یہ ہمارا بہت بڑا مطالبہ ہے، خاص طور پر انہوں نے ایک طرف اشارہ نہیں کیا تو میں آپ کو بتاتا چلوں کہ ہوٹل پر ایک ٹیکس ہے جس کو Bed tax کہتے ہیں۔ ہماری زبان میں یعنی Hoteling کی زبان میں اس کو 'جگا' ٹیکس کہا جاتا ہے۔ اس ٹیکس سے مراد یہ ہے کہ کمرہ لگا ہو یا نہ لگا ہو، خالی بھی ہو تو Bed tax دیا جاتا ہے۔ جہاں تک انہوں نے Incentives یا مراعات کی بات کی ہے تو آپ کو پتہ ہے کہ سوات میں تو Already ڈیوٹی اور ٹیکسز نہیں ہیں، باقی جو علاقے سیلاب کی وجہ سے متاثر ہوئے ہیں یا زلزلے کی وجہ سے متاثر ہوئے تو ان کیلئے Already ہم نے ان کو Soft loan بغیر Interest کے بینک آف خیبر ان کو Loan provide کرنے کیلئے تیار ہے اور آرمی نے اور PDMA نے کئی ہوٹلوں کو Compensation دی ہے۔ جہاں تک مفتی صاحب کی بات ہوئی کہ یہ اس انتظار میں ہیں کہ ایک زلزلہ اور آئے تو خدا نہ کرے کہ ایسا ہو۔ مفتی صاحب! آپ ایسی بات کیوں کرتے ہیں؟ آپ بزرگ ہیں اور

کیا کہتے ہیں اور ہر دفعہ یہاں پر اٹھ کر آپ اسمبلی میں دعا کیا کرتے ہیں تو آپ پہلے تو اٹھ کر یہ دعا کریں کہ خدا نہ کرے کہ ایسا پھر کوئی عذاب ہمارے اوپر آئے۔ باقی آپ نے جوان فگرز کی بات کی ہے تو یہ فگرز ہم نے ٹوٹل صوبے کیلئے دیئے ہیں اور ضلع وائز اگر آپ کو چاہیئے تو ضلع وائز آپ کو وہ فگرز Provide کر دیئے جائیں گے۔ جہاں تک انہوں نے ERRA اور PERRA سے Correspondence کی بات کی تو ان کو خط لکھا مگر جواب نہ آیا تو Correspondence نہ ہوئی، ہماری طرف سے ان کو خط گیا ہوا ہے، جب جواب دینگے تو اس کی تفصیل آپ کو دی جائیگی، فی الحال تو ہم نے خط لکھا ہوا ہے اور ان کے جواب کے انتظار میں ہیں۔

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Thank you very much. Next, Mufti Kifayatullah Sahib, the honourable MPA, Question number please?

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: یہ کوسچن نمبر 21 ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی۔

* 21 _ <u>مفتی کفایت اللہ</u>: کیا وزیر کھیل وثقافت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبہ خیبر پختونخوا نے ملک میں نامور کھلاڑی پیدا کئے ہیں اور وہ کھلاڑی ملک کے سفیر ہوتے ہیں جو باہر ملکوں میں جاکر اپنے ملک کا نام روشن کرتے ہیں;

(ب) حکومت کھلاڑیوں کو تمام بنیادی ضروریات فراہم کرنے کی پابند ہے;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) حکومت ضلع میں کھیلوں کی ترقی کیلئے سٹیڈیم / گراونڈ تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، نیز حکومت صوبے کی سطح پر اس ضمن میں کوئی ماسٹر پلان تیار کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>سید عاقل شاہ (وزیر کھیل وسیاحت)</u>: (الف) درست ہے۔

(ب) درست ہے۔

(ج) (i) حکومت نے ضلع مانسہرہ میں کھیلوں کی ترقی کیلئے حال ہی میں مانسہرہ سٹیڈیم کی تزئین و آرائش اور بہتری کیلئے ایک منصوبہ 20 ملین روپے کی لاگت سے منظور کیا ہے جس پر عنقریب کام شروع کر دیا جائے گا، نیز حکومت صوبے کی سطح پر کھیلوں کی ترقی کیلئے مندرجہ ذیل اقدامات کر رہی ہے۔ قومی، بین الصوبائی اور ضلعی سطح پر کھیلوں کے مقابلے، معذور افراد کیلئے کھیلوں کا میلہ، قومی ایام یعنی یوم آزادی اور یوم پاکستان کی مناسبت سے کھیلوں کا انعقاد، ریجنل سطح کے مقابلے، علاقائی کھیلوں کے مقابلے، انٹر سکولز

کھیلوں کے مقابلے، اس کے علاوہ کھیلوں کے میدانوں کی فراہمی اور ان کی تزئین و آرائش اور مرمت وغیرہ کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ مختلف کھیلوں کے انعقاد سے کھلاڑی ان صحت مندانہ کھیلوں کی سرگرمیوں سے مستفید ہو سکیں گے۔ اس کے علاوہ نوجوان اور ہونہار کھلاڑی ان کھیلوں میں شمولیت کر کے قومی اور بین الاقوامی مقابلوں میں شرکت کے قابل ہو جائیں گے۔

Mr. Deputy Speaker: Any supplementary question?

مفتی کفایت اللہ: میں وزیر صاحب کی حالت پر رحم کھاتا ہوں اور اس پر اپنے اطمینان کا اظہار کرتا ہوں۔ ایک شعر کے ساتھ وہ یہ کہ تھوڑی سی توجہ اپنے ڈیپارٹمنٹ کو دے دیں، یہ شعر اس متعلق ہے:

فرصت ملے ذرا تو اپنا گریباں بھی دیکھ لیں

اے دوست نہ کھیل کوئی کھیل میری سادگی کے ساتھ

Mr. Deputy Speaker: Next, Syed Aqil Shah Sahib.

وزیر کھیل وثقافت: مجھے تو اپنا گریبان پورا نظر آرہا ہے، آپ کا گریبان جو ہے وہ داڑھی کی وجہ سے آپ کو نظر نہیں آرہا ہے تو مجھے تو پورا پورا دکھائی دے رہا ہے، میری جان۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ، آنریبل ایم پی اے۔ نہیں ہیں۔

* 42 _ محترمہ مہر سلطانہ (سوال محترمہ عظمیٰ خان نے پیش کیا): کیا وزیر بہبود آبادی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) حال ہی میں محکمہ بہبود آبادی نے ضلع کرک میں مختلف قسم کی پوسٹوں پر تعیناتی کیلئے اشتہار دیا تھا؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پوسٹوں کیلئے ٹیسٹ وانٹرویوز بھی ہوئے ہیں؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو بھرتی کیلئے طریقہ کار، اخباری تراشہ، امیدواروں کے نام وپتہ بمعہ کوائف، پاس شدہ اور ٹیسٹ وانٹرویو میں حاضر افراد کے کوائف بمعہ نام وپتہ کی تفصیل، نیز بھرتی شدہ افراد کے کوائف بمعہ نام وپتہ کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب سلیم خان (وزیر بہبود آبادی) {جواب سینیئر وزیر (بلدیات) نے پڑھا}: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) بھرتی کیلئے مطلوبہ معیار، اشتہار، نام وپتہ اور کوائف، فیملی ویلفیئر اسسٹنٹ (مرد) اور فیملی ویلفیئر اسسٹنٹ (خواتین)، ہیلپر، چوکیدار کی تفصیل ایوان کو مہیا کی گئی۔

محترمہ عظمیٰ خان: سر، اس میں میرا ایک سپلیمنٹری ہے۔
جناب ڈپٹی سپیکر: کوئی سپلیمنٹری ہے؟ جی، پلیز۔
محترمہ عظمیٰ خان: سر، میں یہ پوچھنا چاہونگی کہ اگر آپ رزلٹ دیکھیں جو Candidates Written test میں appear 71 ہوئے تھے۔ جناب سپیکر، اس میں 50% فیل ہیں اور 50% تقریباً پاس ہیں تو میں یہ پوچھنا چاہونگی کہ انکے پاس فیل کا Criteria کیا ہوتا ہے؟ یہ کیسا ٹیسٹ ہوتا ہے کہ جو ایف ایس سی / بی ایس سی کرنے کے بعد وہ کوالیفائی نہیں کر پاتے؟ اور انکے ٹوٹل مارکس کتنے ہوتے ہیں؟ کتنے پرسنٹ پر یہ پاس ہوتے ہیں اور کتنے پرسنٹ پر یہ فیل ہوتے ہیں؟
جناب ڈپٹی سپیکر: بشیر بلور صاحب، پلیز۔
جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر صاحب، On behalf of Minister for Population Welfare، جو انہوں نے پوچھا ہے تو وہ ہم نے ان کو بتادیا ہے۔ پھر انہوں نے کہا کہ اس کے اشتہارات نہیں آئے تو اشتہارات بھی کوسچن کے ساتھ لگے ہوئے ہیں، سارے اشتہارات جو ہیں، وہ 'مشرق' اخبار اور 'ایکسپریس' اخبار میں آئے ہیں۔ اس کے بعد جتنے بھی ٹیسٹس ہوئے اور جو بھی لوگ اپوائنٹ ہوئے، کوئی پشاور سے یا چترال سے یا مردان سے یا دیر سے نہیں ہے، سارے لوگ کرک کے ہیں اور کرک علاقے کے لوگ ہیں اور جو انہوں نے کہا ہے کہ کوسچن پیپرز تو وہ جو Routine ہے ڈیپارٹمنٹ کی، اس کے حساب سے پیپرز بھی ہوئے ہیں اور اس کے حساب سے کمیٹی بنی ہے اور اگر آپ کو علم ہے کہ کوئی بھی ڈیپارٹمنٹ، ہر ڈیپارٹمنٹ میں اپنی ایک Concern committee ہوتی ہے جو کہ امتحان بھی لیتی ہے، اس کے بعد وہ Grading بھی کرتی ہے اور جو لوگ پاس ہوتے ہیں، ان کو نوکریاں ملتی ہیں۔ یہ تو میرے خیال میں کرک کے علاقے میں جتنی نوکریاں ہیں، یہ کسی اور علاقے میں یا کسی صوبے کے دوسرے ڈسٹرکٹس میں نہیں ہوئی ہیں، جو کہ میرے پاس جو رپورٹ پڑی ہوئی ہے، اس میں اشتہارات بھی لگے ہوئے ہیں، نام اور کوائف بھی دیئے گئے ہیں، فیملی ویلفیئر اسسٹنٹ مرد بھی لکھے گئے ہیں، فیملی ویلفیئر اسسٹنٹ خواتین کا بھی لکھا ہوا ہے، آیا ہیلپر اور چوکیدار بھی لکھے ہیں، سب ڈیٹیل جو ہے، وہ اس میں موجود ہے اور میرے خیال میں کوئی ایسی کمی نہیں رہ گئی کہ جس کی میری بہن نے بات کی ہے کہ وہ کوسچنز کیسے ہوئے، امتحان کیسے ہوئے اور جو سب ٹیسٹس ہوئے، وہ سب قانون کے مطابق ہوئے ہیں، کوئی ایسا غیر قانونی کام نہیں ہوا ہے۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر صاحب، دا کوئسچن لږ پینډنګ کړئ جی، مؤور پخپله راغله۔

Mr. Deputy Speaker: Meher Sultana Bibi, any supplementary question?

